سوال

(164).جماعت کی پہلی صف پوری ہونے کے بعدایک شخص آیاالخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

.جماعت کی پہلی صف پوری ہونے کے بعدایک شخص آیااوراس نے پہلی صف سے ایک آدمی کوپیچھے ہٹالیا،اوردوچارمزید آدمی دوسری صف میں آکرکھڑے ہوگئے۔اب سوال یہ ہے کہ آیاپہلی صف والاآدمی اپنی اصلی جگہ پرجاسکتاہے یانہیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب پہلی صف سے کسی شخص کوپیچھے ہٹایاجائے توان لوگوں کوآپس میں مل جاناچاہیے اوروہ جگہ خالی نہیں رہنے دینی چاہیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم یہی ہے،جب وہ جگہ پر ہوجائے گی،تواس آدمی کواپنی اصل جگہ کی طرف لوٹنے کاسوال ہی پیدانہیں ہوا۔

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد3 ص76

محدث فتویٰ